سوال

(1220)نذر کے صدقہ سے کیسٹیں وغیرہ خرید کر تقسیم کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بہن نے نذر مانی ہے کہ وہ ہر ماہ کچھ رقم صدقہ کیا کرے گی۔ تو کیا اس رقم سے کیسٹیں اور رسائل خرید کر تقسیم کر دینا جائز ہے؟ یا ضروری ہے کہ نذر کی رقم ضرور ہی فقراء میں تقسیم ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس نے اس صدقہ کی کوئی خاص صورت متعین نہیں کی ہے کہ فقراء پر تقسیم ہوگی یا کوئی اور صورت، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ (اسلامی) کیسٹیں اور رسائل کرید کر تقسیم کرنا بھی صدقہ کی ایک صورت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 863

محدث فتویٰ